ہر ف صحابہ کرام و صحابیات کے تذکرہ پر ان کی قلم سے اب تک ۱۳ ضخیم کتابیں نکل چکی ہیں "حبیب کبریا کے تین سو اصحاب" اس سیر الصحابہ کے سلسلۃ الذہب کی چودھویں کڑی ہے جس میں ۳۰۰ کے بجائے ۳۲۵ صحابہ کرام کے تذکرے شامل ہیں حواشی میں ۶۰ صحابہ کرام کے مزید اجمالی تذکرے اس کے علاوہ ہیں کتاب کا اسلوب نگارش موصوف کی کتابوں کی طرح آسان، سادہ، سلیس، دلکش اور عام فہم ہے، عمدہ کاغذ، بہترین کتابت، معیاری طباعت اور مضبوط ڈائی دار جلد بندی نے کتاب کے حسن کو دوبالا کر دیا ہے۔

فیوض القرآن تالیف: مولانا حافظ فیض الحسن فاروقی صفحات: ۲۴۰ قیمت درج نہیں
ناشر: مدنی منزل مدنی محلہ شوگر ملز چارسدہ

قرآن کریم انسان کی رشد وہدایت کے لیے ایک ابدی سرچشمہ حیات ہے اور ہر مسلمان کے لیے اس کا سیکھنا، پڑھنا اور اس کی تعلیمات پر عمل کرنا موجب سعادت ہے مولانا حافظ فیض الحسن ایک جید نوجوان عالم دین ہے، دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک اور وفاق المدارس سے فراغت حاصل کی ہے، پیش نظر کتاب "فیوض القرآن" کو انہوں نے قرآنی علوم و معارف پر اردو زبان میں نہایت عمدہ ترتیب کے ساتھ مرتب کیا ہے جس کا اکثر حصہ ان کے والد گرامی ممتاز عالم دین شیخ الحدیث حضرت العلامہ مولانا محمد حسن جان صاحب ایم این اے کے ارشادات وافادات پر مشتمل ہے اہم علمی موضوعات پر یہ مستند مجموعہ عصر جدید کے مسائل پر مدلل و مفصل جوابات پر بھی مشتمل ہے اور عہد حاضر کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوتے مولف نے ہر قسم کے جدید مذاہب کے ملحدانہ شکوک و شبہات کا تفصیلاً ازالہ کیا ہے۔ تحریر آسان، عام فہم اور دلچسپ انداز سے کہ جب شروع کر دی جائے تو ختم کئے بغیر چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا غرض یہ کہ قرآنی علوم و معارف اور تفسیر پڑھنے اور پڑھانے والے طلبہ اور مدرسین کے لیے نہایت مفید علمی سرمایہ ہے۔

مطبوعات مکتبہ ابو عبیدہ جناب الحاج اقبال احمد خان صاحب، اسلامی تعلیمات کی تبلیغ کے لیے دھڑکتا ہوا دل رکھنے والے ایک مخلص مسلمان ہیں، الامارات العربیہ المتحدہ کے شہر عجمان میں مکتبہ ابو عبیدہ بن الجراح العامہ کے نام سے خالص دینی اور تبلیغی مقاصد کے پیش نظر اشاعتی ادارہ قائم کئے ہوئے ہیں جس کے زیر اہتمام چھپنے والی درج ذیل کتب موصول ہوئی ہیں۔ آئینہ محمدی، عمرہ و زیارت مدینہ منور گناہ بے لذت، مسواک کی فضیلت، داڑھی کی شرعی حیثیت، درود شریف پڑھنے کا شرعی طریقہ، تبلیغ اسلام حصہ اول، چراغ کی روشنی۔ رابطہ کے لیے پوسٹ بکس ۵۸۶ عجمان الامارات عربیہ المتحدہ۔